# تبصرۂ کتُب

نام کتاب : حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مصنف : پیر غلام دستگیر نامی

ناشر : مکتبہ الفاروق سلطان پورہ روڈ لاہور قیمت : چار روپے پچاس پیسے

لاہور میں ایک بزرگ تھے پیر غلام دستگیر نامی ، اللہ تعالیٰ نے حضرات صحابہ کرام کے ساتھ انہیں جو تعلق خاطر عطا فرمایا تھا ، وہ انہی کا حصہ تھا اور قابل رشک ۔ اس معاملہ میں انہوں نے تحریری سرمایہ بھی چھوڑا جو قامت کہتر لیکن بقیمت بہتر کا مصداق ہے اختصار اور جامعیت ان کی خوبی تھی ۔ یہی خوبی زیر نظر رسالہ میں نظر آتی ہے اس رسالہ میں حضور علیہ السلام کے اس عزیز صحابی کے حالات زندگی ، ان کی دینی و ملی خدمات ، سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے خاندان و اولاد سے ان کے عزیزانہ و محبانہ تعلقات پر بڑے اچھے انداز سے روشنی ڈالی گئی ہے ۔ اور ساتھ ہی ساتھ صحابہ کے معاملہ میں اہلسنت کے عقائد و نظریات کا بھی ذکر کیا گیا ہے تاکہ برادران اہلسنت افراط و تفریط سے بچ کر اپنا فرض ادا کر سکیں ۔ ہمارے عزیز دوست حافظ نور محمد انور مستحق تبریک ہیں کہ وہ اپنے "مکتبہ الفاروق سلطان پورہ روڈ لاہور" کے توسط سے ان قدیم شہ پاروں کو شائع کرتے رہتے ہیں ۵۰/۴ روپے کا یہ رسالہ بڑا وقیع اور قیمتی ہے ۔ اور اس قابل ہے کہ اسے زیادہ سے زیادہ عام کیا جائے ۔

(۲)

نام کتاب : سیرت سیدنا عمرؓ و اصلاحات فاروقی مصنف : مولانا سید نور الحسن بخاری مرحوم

ناشر : مکتبہ الفاروق سلطان پورہ روڈ قیمت : چار روپے پچاس روپے

سیرت سیدنا عمر و اصلاحات فاروقی یہ دوسرا رسالہ بھی محترم حافظ صاحب نے اسی مکتبہ سے شائع کیا ہے جس کی قیمت بھی ۵۰/۴ ہی ہے جو اس رسالہ کے ظاہری و معنوی حسن کے اعتبار سے بالکل برائے نام ہے اسمیں دو مفصل مضمون ہیں ایک کا تعلق مراد نبی سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت و تذکرہ سے ہے تو دوسرے کا تعلق آپ کی ان گرانقدر اصلاحات سے ہے جو آپ کے عظیم اور سنہری دور حکومت کا گویا لب لباب اور نچوڑ ہیں آپ کا نظام حکومت کیا تھا اسمیں مختلف شعبہ ہائے